ٹینڈر دستاویزات برائے ٹی سٹال (بوائز ہاسٹل)

ایبٹ آباد یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بوائز ہاسٹل (چائنہ کیمپ) میں ہاسٹل پذیر طلباء کیلئے مذکورہ ہاسٹل کے باہر ایک ٹی سٹال قائم کرنا چاہتی ہے جس میں طلباء کیلئے سموسے، پکوڑے، چائے، کافی و بسکٹ مہیا کرنے ہوں گے۔ مندرجہ بالا آئیٹم ڈسپوزیبل برتنوں میں مہیا کرنے ہوں گے۔ مذکورہ آئیٹم کے سوا کوئی فوڈ آئیٹم رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

معاہدہ ایک سال کیلئے ہوگا جو قابل توسیع ہوگا۔ ٹی سٹال کی سیکورٹی مبلغ 20 ہزار روپے بذریعہ CDR بنام ٹریژرر ایبٹ آباد یونیورسٹی ہوگی جو معاہدہ کے اختتام پر واپس کی جائے گی۔ آئیٹم کے نرخ یونیورسٹی فوڈ کمیٹی طے کرے گی جبکہ ٹینڈر جیتنے والا اعلیٰ اور معیاری چیز مہیا کرے گا۔ ٹینڈر جیتنے والا طلباء کیلئے عارضی بیٹھنے کی جگہ (میز کرسیاں) بھی تیار کرے گا۔ ٹی سٹال سب سے زیادہ کرایہ بذریعہ ٹینڈر بھرنے والے کو دیا جائے گا۔ ٹینڈر بھرنے والا یونیورسٹی قوانین کی پاسداری کرے گا بصورت دیگر معاہدہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ ٹینڈر جیتنے والا باقاعدہ طور پر یونیورسٹی کے ساتھ معاہدہ کرے گا۔ ٹینڈر جیتنے والا ہر قسم کے لاگو ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ کسی بھی قسم کی شکایت یا معاہدہ کی خلاف ورزی کی صورت میں یونیورسٹی انتظامیہ معاہدہ منسوخ کرے گی۔ ٹینڈر جیتنے والا گیس و بجلی کا خود بندوبست کرے گا۔ یونیورسٹی انتظامیہ صرف پانی اور سٹال مہیا کرے گی۔ ٹینڈر جیتنے والا صفائی و ستھرائی اور متعلقہ جگہ سے کچرا کی منتقلی کا خود بندوبست کرے گا۔ ٹینڈر جیتنے والا تین ماہ کا ایڈوانس کرایہ جمع کروانے کا بھی پابند ہوگا۔ سٹال پر کسی بھی قسم کی ممنوعہ چیزوں مثلاً سگریٹ، نسوار، گٹکا وغیرہ کی فروخت نہیں ہوگی۔ ٹینڈر جیتنے والا KPRA رجسٹریشن کروانے کا بھی پابند ہوگا۔ یونیورسٹی کسی بھی ٹینڈر کو منسوخ کرنے کا حق بجا رکھتی ہے۔

مندرجہ بالا قواعد وضوابط اور یونیورسٹی قوانین کو پورا کرنے والا مندرجہ ذیل ٹینڈر بھرے۔

نام:-------------------------- ولدیت:--------------------------

شناختی کارڈ نمبر:-------------------------- تجربہ (متعلقہ کام کا):--------------------------

مستقل پتہ:-------------------------- موبائل نمبر:--------------------------

کرایہ ٹی سٹال:- (بمقام بوائز ہاسٹل چائنہ کیمپ) -------------------روپے ماہانہ

نام:--------------------------

دستخط:--------------------------

تاریخ:--------------------------